۸ - ذہنی آزادی اور تہذیبی عوامل

۹ - نئے شعور کا مسئلہ

یہ تمام عنوانات بجائے خود دعوتِ فکر ہیں ، اور ہم اس کتاب کی تصنیف پر مصنف کو مبارک باد دینے پر اپنے تئیں مجبور پاتے ہیں ۔

کتابت ، طباعت ، کاغذ بہتر۔ لوح دیدہ زیب۔ صفحات ۲۵۰۔ قیمت آٹھ روپے ۔

ناشر ، مشتاق بک ڈپو ، شیلڈن روڈ ، کراچی ۱ ۔

آبِ رواں

یہ " ادب برائے ثواب " کا کرشمہ ہے۔ سید شمیم صاحب رجزایم ۔ اے نے قرآن حکیم کے مطالب نظم کیے ہیں۔ پہلے حصے پر تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ دوسرا حصہ ہے جس میں پارۂ دوم کے منظوم مطالب و مفاہیم پیش کیے گئے ہیں اور کوئی شبہ نہیں قادر الکلام شاعر نے اپنے جوہر خوب خوب دکھلائے ہیں۔ زبان رواں اور شستہ ، اشعار دل پذیر اور اثر انگیز ، اندازِ بیان دل نشین ، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اصل مفہومِ قرآن کو کہیں بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا ہے۔ ایک صفحے پر آیاتِ قرآنی اور ان کا مستند ترجمہ ہے۔ مقابل کے صفحے پر منظوم مطالب و مفاہیم ۔ یہ بڑی دشوار منزل تھی جسے شاعر نے بڑی آسانی سے طے کر لیا ہے۔ ضخامت تقریباً ڈیڑھ سو صفحے ، طباعت اور کتابت غنیمت۔ کاغذ عمدہ۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے ۔

ناشر ، رائٹرز اکیڈمی ، ۴۲۲ ۔ الف ، رحمان پورہ ، لاہور ۔